# کلیاتِ ادویہ

## مختصر سوال و جواب

مرتبین


حکیم محمود سلیم
ریڈر شعبۂ علم الصیدلۃ

پروفیسر حکیم سید شفیق احمد نقوی
صدر شعبۂ علم الادویہ

راجپوتانہ یونانی میڈیکل کالج جے پور راجستھان





**آل انڈیا اردو تعلیم گھر**

۸، یونیورسل کامپلیکس، سیکنڈ فلور، نزد ٹور منزل
متصل پیلی مسجد، لال باغ، لکھنؤ

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : کلیات ادویہ (مختصر سوال وجواب)
نام مصنف : حکیم محمود سلیم، حکیم سید شفیق احمد نقوی
پتہ :
صفحات : ۱۲۰
تعداد اشاعت : ۵۰۰
کمپیوٹر کمپوزنگ: حراء کمپیوٹر دیوبند (اشرف علی قاسمی07919511183)
سرورق :

**Kulliyat-e-Advia**
Mukhtasar Swaal wa Jawaab)
by
Dr. Mahmood Saleem & Dr.Shfiq Ahmad Naqvi
Contact:08233589813-
ema il-mahmoodsaleem65@gmail.com
**ISBN:978-81-929591-1-7**
Edtion: 2016
**Price:125/-**
Published by
**ALL INDIA URDU TALEEM GHAR**
8. Universal Comples, 2nd Floor,Near Noor Manzil, Lal Bagh
Lucknow.226001
**Contact No.**
0522-2233944-0968261067-09045295175
**allindiaurdutaleemghar@gmail.com**

# پیش لفظ

کلیات ادویہ سے متعلق اردو زبان میں کئی کتابیں ہیں جو طلباء کی نصابی ضروریات کو پورا کر رہی ہیں۔ان کتابوں کی موجودگی میں کسی دوسری کتاب کی اشاعت زیادہ ضروری معلوم نہیں ہوتی تھی۔چونکہ راقم درس وتدریس سے وابستہ ہے،اس لئے دوران درس یہ بات اکثر ذہن میں آتی رہی کہ کیوں نہ کلیاتی مباحث کو سوال وجواب کی شکل میں پیش کیا جائے۔طلباء سے جب اس سلسلہ میں گفتگو کی گئی تو انھوں نے بہت دلچسپی کا اظہار کیا اور اس تبدیلی کو کافی پسند کیا،اس سے راقم کے ارادہ کو اور تقویت ملی کیونکہ راقم کا مقصد بھی یہی تھا کہ اس موضوع سے کس طرح طلباء کو زیادہ سے زیادہ جوڑا جاسکے۔لیکن کام چونکہ بالکل نیا تھا اس لئے ہمت بندھتی اور ٹوٹتی رہی۔اسی دوران ملک کی دیگر ریاستوں کی یونیورسٹیوں خاص طور سے ہیلتھ یونیورسٹی، ناسک نے سوالات کے پیٹرن کو تبدیل کر دیا اور طویل سوالات (subjective) کی جگہ مختصر سوالات (objective & semi subjective) پوچھے جانے لگے،بعد میں اسی پیٹرن کو آیورویدک یونیورسٹی، جودھپور نے بھی اپنالیا۔اس طرح دوبارہ کام کرنے کا حوصلہ ملا اور کلیاتی مباحث کو سوال وجواب کی شکل میں ترتیب دینے لگا۔ایک سال کی سخت محنت و کوششوں کے بعد یہ کام پایہ تکمیل کو پہونچا۔اس کتاب کی تالیف میں حکیم سید ایوب علی کی 'قوانین ادویہ'، ڈاکٹر عبداللطیف کی 'توضیحات کلیات ادویہ' اور حکیم محفوظ احمد کی 'احوال

# سوال وجواب

**سوال:** کلیات ادویہ کی تعریف بیان کیجئے۔

**جواب:** علم الادویہ کی اس شاخ میں قوانین واصول ادویہ سے متعلق بحث کی جاتی ہے۔

**سوال:** علم الادویہ کی تعریف بیان کیجئے۔

**جواب:** ایسا طبی علم ہے جس میں مخصوص طور پر دواؤں کے بارے میں تفصیل کے ساتھ معلومات حاصل ہوتی ہیں جو کہ چار شکلوں پر مشتمل ہیں۔
کلیات، مفردات، مرکبات، صیدلہ وتکلیس

**سوال:** موالید ثلاثہ/ ماخذ ادویہ، سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** کائنات میں پائی جانے والی تمام مخلوقات، نباتات، حیوانات، جمادات کو تین بڑی جماعتوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ انہیں کو موالید ثلاثہ/ماخذ ادویہ بھی کہا جاتا ہے۔

**سوال:** مرتب دواؤں سے آپ کیا سمجھتے ہیں مثالیں بھی دیجئے۔

**جواب:** مرتب دواؤں میں پیڑ پودوں کے مختلف اجزاء استعمال ہوتے ہیں جن کی ایک مخصوص شکل وصورت ہوتی ہے۔ جڑ، تنا، برگ، گل، پھل، تخم، لکڑی، چھال وغیرہ۔

**سوال:** غیر مرتب دوائیں کیا ہیں۔

**جواب:** ان میں پیڑ پودوں سے حاصل ہونے والی چیزیں جیسے صمغیات ورال، البان وتیوعات شامل ہیں جیسے اُشق، دم الاخوین، کیترا، صمغیات، سقمونیا، افیون، فرفیون وغیرہ۔

**سوال:** منوم دواؤں کی پانچ مثالیں لکھیے؟

**جواب:** دھتورہ، کاہو، افیون، پوست خشخاش، اجوائن خراسانی۔

**سوال:** مصدع کی تعریف بیان کیجیے؟

**جواب:** دردسر پیدا کرنے والی۔ ایسی دوائیں جن کے استعمال سے سر میں درد پیدا ہو جائے ایسی دوائیں عام طور سے مبخر بھی ہوتی ہیں۔ جیسے آلو، باقلہ۔

**سوال:** مصدع دواؤں کی پانچ مثالیں لکھیے؟

**جواب:** باقلہ، آلو، پیاز، چنا، مونگ۔

**سوال:** منقی کی تعریف بیان کیجیے؟

**جواب:** ایسی دوائیں جو اپنی مخصوص مزاجی کیفیات کی وجہ سے دماغ کی غیر ضروری رطوبتوں کو خارج کر کے دماغ کی صفائی اور تنقیہ کر دیں۔ جیسے: اسطوخودوس۔

**سوال:** منقی دواؤں کی پانچ مثالیں لکھیے؟

**جواب:** چوب چینی، منڈی، ہلیلہ جات، اسطوخودوس، گل سرخ۔

**سوال:** مُقی کی تعریف بیان کیجیے؟

**جواب:** وہ دوائیں جو اخلاطِ ثلاثہ یا ان میں سے کسی بھی ایک رطوبت کو معدہ یا اسکے اطراف سے گزار کر براہ دہن خارج کرتی ہیں جیسے تخم ترب۔

**سوال:** مقی دواؤں کی پانچ مثالیں لکھیے؟

**جواب:** آب نمک، تخم ترب، خردل، تخم شبث، تمباکو۔

**سوال:** قابض کی تعریف بیان کیجیے؟

**جواب:** ان دواؤں کو کہتے ہیں جو اپنی قوت قابضہ و برودت کے سبب سے عضو کے ظاہری اجزاء کو سمیٹ کر مجاری کو تنگ کر دیتی ہیں۔ جس کی وجہ سے فضلات ورطوبات کے اخراج میں دشواری و بندش پیدا ہو جاتی ہے جیسے۔ حب الآس۔

# ماخذ وحواشی


۱- ابن سینا (۱۰۳۷-۹۸۰ء) ترجمہ قانون شیخ بوعلی سینا، اردو، مترجم مولوی حکیم غلام حسنین جلد ۴، ۵، ۱۹۳۰ھ و ۱۹۳۱ء، منشی نول کشور، لکھنؤ۔

۲- حکیم عبدالحکیم، بستان المفردات، ۱۸۶۷ء منشی نور کشور، لکھنؤ۔

۳- پروفیسر حکیم سید ظل الرحمٰن، کتاب المرکبات، شعبہ علم الادویہ اے ایم یو علی گڈھ۔

۴- ابن سینا (۱۰۳۷ء-۹۸۰ء) ادویہ قلبیہ، اردو ترجمہ، ترجمہ وتدوین، پروفیسر حکیم سید ظلم الرحمٰن شعبۂ علم الادویہ، اے ایم یو علی گڈھ۔

۵- ڈاکٹر عبداللطیف کلیات ادویہ ایک تنقیدی اور تحقیقی جائزہ شعبہ علم الادویہ، اے ایم یو علی گڈھ ۱۹۹۷ء۔

۶- نجم الغنی قرابادین نجم الغنی، منشی نول کشور پریس لکھنؤ (۱۹۲۸ء)

۷- حکیم احتشام الحق قریشی، مقدمہ علم الادویہ اعجاز پبلیشنگ ہاؤس نئی دہلی (۱۹۹۵ء)

۸- حکیم سید ایوب علی قاسمی، قوانین ادویہ ۱۹۹۶ء رحمت انگلومزل منزل علی گڈھ۔

۹- حکیم کبیر الدین، کلیات ادویہ ۱۹۳۷ء دفتر المسیح قرول باغ دہلی۔

۱۰- حکیم عبدالصمد مصباح الادویہ اعجاز پبلیشنگ ہاؤس نئی دہلی (۲۰۰۰ء)

۱۱- قرابادین ہمدرد دواخانہ (وقف) دہلی۔

۱۲- حکیم محمد رفیق الدین، منہاج الصیدلہ والکیمیاء مطبع ادارہ کتاب الشفاء۔

۱۳- محمد یوسف انصاری، منافع المفر ات، اعجاز پبلیشنگ ہاؤس دہلی ۲۰۰۹ء

۱۴- توضیح الکلیات ڈاکٹر عبداللطیف، شعبہ علم الادویہ اے ایم یو علی گڈھ۔


تمت

# Kulliyat e Advia

## Mukhtasar Sawal wa Jawab

By
Dr. Mahmood Saleem
&
Dr. S. Shafiq Ahmad Naqvi



**All India Urdu Taleem Ghar**®
8, Universal Complex, Lal Bagh, Lucknow
Ph. 0522-2233944, Mob. 09368261076
E-mail: allindiaurdutaleemghar@gmail.com